رئیس احمد جعفری

# بزمِ ثقافت

جناب شیخ محمد سعید صاحب ایم۔ اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور کے خدمات، ادارہ نے حکومت سے مستعار لیے ہیں۔

شیخ صاحب علمی حیثیت سے ایک اونچے مقام پر فائز ہیں۔ ان کا مطالعہ بہت وسیع ہے۔ فلسفہ و منطق تو ان کی جولان گاہ ہیں۔ علومِ اسلامیہ سے نہ صرف انھیں غیر معمولی دلچسپی ہے بلکہ اس فن سے وہ عملی تعلق رکھتے ہیں۔ وہ اچھے مفکر اور اچھے اہل قلم ہیں۔ انتظامی صلاحیتیں بھی رکھتے ہیں۔ بے انتہا محنتی اور فرض شناس ہیں۔ ادارہ کو ان جیسی ہستی کی ضرورت تھی اور ہمیں مسرت ہے کہ ادارہ کو ان کی خدمات سے بہرہ ور ہونے کا موقع مل گیا۔ اور ہمیں یقین ہے کہ ان کا وجود ہر اعتبار سے ادارہ کے لیے شاندار ثابت ہوگا۔

---

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ نے اپنے سامنے جو مقصد رکھا ہے، وہ یہ ہے کہ اسلام کو اس کے صحیح خال وخط کے ساتھ دنیا کے سامنے پیش کیا جائے، اور اس کی صورت صرف یہ ہے کہ اسلام جو کچھ ہے اس کو اسی طرح پیش کیا جائے، وہ صورت نہ پیش آئے جس کے لیے اقبال نے کہا ہے:

احکام ترے حق ہیں مگر اپنے مفسر
تاویل سے قرآں کو بنا سکتے ہیں پا ژند

اس وقت تک ادارہ سے جتنی کتابیں بھی شائع ہوئی ہیں، اور جن کا پروگرام بنایا گیا ہے ان میں

اسی نہج کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اکابر علم ادارہ کے خدمات کا اعتراف کرتے ہیں
ہمارے اکیڈیمک ڈائرکٹر میاں محمد شریف صاحب مرحوم کی سرکردگی میں، اسلام کے ان قوانین کو جو معاملات سے تعلق رکھتے ہیں، قرآن وسنت کی روشنی میں، پوری دیانت فکر کے ساتھ مدوّن کرنے کی کوشش کی جارہی تھی۔ اس سلسلے میں اہل علم کی ایک جماعت مصروف کار رہے۔ وقتاً فوقتاً جس کی کارروائیوں کا جائزہ لیا جاتا رہتا ہے۔

ہمیں یقین ہے پایۂ تکمیل تک پہنچنے کے بعد یہ کام نہ صرف قانون داں اصحاب کے لیے بہترین ماخذ کا کام دے گا، بلکہ دوسرے طالبان حق بھی اس سے پورا فائدہ اٹھائیں گے